| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف ش' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم سنائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ش' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ش' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ش' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ش' ہے۔ یہ حروف تہجی کا بیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس کی شکل 'س' کی طرح ہوتی ہے مگر اس کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ش' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ش' کے ذخیرہ الفاظ (شتر مرغ، شلجم، شیر، شربت، شیشہ، شہد، شمع) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ش' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گلاس کی ورک شیٹ دی جائے گی اور مختلف رنگوں کے کاغذوں کی کٹنگ دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ اپنی مرضی کا رنگ منتخب کر کے گلاس پر چسپاں کریں اور ش سے شربت بنائیں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، رنگ کے کاغذ، گلاس | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ش' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف ش' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ش' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ش' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ش' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ش' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>شیر آیا شیر آیا — بندر نے خوب شور مچایا<br>شتر مرغ بھاگا آیا — سب نے جنگل سر پہ اُٹھایا<br>شکاری نے بھی بندوق تانی — شیر آیا شیر آیا | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 48 کھولیں۔ اور حرف 'ش' پر انگلی پھیریے اور حرف 'ش' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے۔ 'ش' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائیے۔<br>ش سے شیر: بچوں کو پیلے رنگ کا چارٹ پیپر گول کاٹ کر دیا جائے گا۔ بچوں کو گوگلی آنکھیں اور اُن کے ٹکڑے کاٹ کر دیئے جائیں گے۔ اُن کو کہا جائے گا کہ دائرے کی سائیڈ پر گلو لگائیں اور اُس کے اوپر اُن کو چسپاں کریں شیر کے بال بنانے کے لیے۔ اُس کے بعد گوگلی آنکھیں بھی چسپاں کریں۔ سب سے آخر میں شیر کا منہ مارکر سے بنانے میں بچوں کی مدد کریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ مختلف رنگوں کے کاغذوں کی کٹنگ | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف 'ش' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** ش میں رنگ بھر کر شہد کی مکھی کو شہد اکٹھا کرنے میں مدد کریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف ش' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ش' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ش کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ش' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک جنگل میں شیر کی شادی تھی۔ اُس نے جنگل کے تمام جانوروں کو بلایا۔شتر مرغ نے ڈھول بجا کے خوب شور مچایا۔شہد کی مکھی نے گانا سُنایا۔شیر نے سب کو شربت پلایا۔ پھر سب نے شوارما کھایا اور شام کو سب گھر چلے گئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ش' کی ٹریسنگ ورک شیٹ دی جائے گی۔ بچے 'ش' کی آؤٹ لائن ٹریس کریں اور انگلی کی مدد سے رنگ بھریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ش' لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>پوسٹر، ورک شیٹ، کلر | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ش' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ش' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف ش' کی پہچان کر سکیں۔ اُس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (سات کوئی) اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ش' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ش' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ش' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ش' شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے شیشہ، شکاری اور شہد کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی۔ جن میں حرف 'س' اور 'ش' لکھے ہوں گے۔ اور ساتھ میں س اور ش کی تصاویر کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا اس کے فلیش کارڈ 'س' کی ٹوکری میں اور 'ش' کے فلیش کارڈ 'ش' کی ٹوکری میں ڈالیں۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 49 کھولنے کو کیا کو ھلنے کو کہا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کیا بلی کی ابتدائی آواز 'ش' ہے۔ بچوں کو 'ش' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ش' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے شیشہ، شکاری، شہد، شور کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>تصاویر فلیش کارڈز، ٹوکریاں، کتاب صفحہ نمبر 49 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ش' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ش' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف ش' کی پہچان کر سکیں۔ اُس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے الفاظ (سات کوئی سے) اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ش' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کہ ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ش' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ش' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر 'ش' کی لکھائی کرائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ش' پر پینسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ش' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ش' کی نشاندہی کرنے پر۔ |